# دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

## رجسٹریشن پرائیویٹ امیدواران بی۔اے، بی ایس سی ضمنی/ سپلیمنٹری امتحان 2018ء کے لئے فارم وصول کرنے کا شیڈول درج ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| -/1500روپے سنگل فیس کے ساتھ رجسٹریشن فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ | 31-08-2018 |
| سنگل فیس -/1500 + 1000روپے لیٹ فیس کے ساتھ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ | 12-09-2018 |
| ڈبل فیس -/3000 روپے لیٹ فیس کے ساتھ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ | 24-09-2018 |

بی اے/ بی ایس سی ضمنی/ سپلیمنٹری امتحان 2018 کے پرائیویٹ امیدواران کے لئے اسلامیہ یونیورسٹی نے رجسٹریشن کا طریقہ کار یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk پر مہیا کر دیا گیا ہے۔ امیدوار رجسٹریشن فارم کا پرنٹ حاصل کرنے کے بعد فارم کے کوائف مکمل کر کے ایک عدد تصویر بمعہ مصدقہ نقول ایف اے/ ایف ایس سی رزلٹ کارڈ اور شناختی کارڈ یونیورسٹی کی مقرر کردہ حبیب بنک لمیٹڈ عباسیہ کیمپس برانچ اور بغداد الجدید کیمپس برانچ میں جمع کرواسکتے ہیں۔ رجسٹریشن فارم دستی / بذریعہ ڈاک (ڈپٹی رجسٹرار شعبہ ڈائریکٹوریٹ آف پرائیویٹ سٹوڈنٹس عباسیہ کیمپس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور) وصول کیا جائے گا۔

ضمنی/ سپلیمنٹری امتحان 2016ء یا اس سے قبل انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے والے امیدواران اس رجسٹریشن کے اہل ہوں گے۔ انٹرمیڈیٹ ضمنی/ سپلیمنٹری امتحان 2016ء میں دو مضامین یا اس سے زیادہ مضامین میں فیل ہونے والے طلباء و طالبات رجسٹریشن برائے بی اے/ بی ایس سی ضمنی/ سپلیمنٹری امتحان 2018ء کے لئے نا اہل ہونگے۔ (جو امیدوار ضمنی/ سپلیمنٹری امتحان 2016ء انٹرمیڈیٹ میں ایک مضمون میں فیل ہے اور سالانہ امتحان 2017ء میں اس مضمون کو پاس کرلیا ہے وہ ضمنی/ سپلیمنٹری امتحان 2016 کا ایک مضمون فیل والا اصل رزلٹ کارڈ اور سالانہ امتحان 2017ء کے پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل رجسٹریشن فارم کے ساتھ ضرور لف کریں)۔

Result.pk

میڈیکل کے طلباء و طالبات جو بی ایس سی (صرف انگلش) کے لیے رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں ان کا بی ڈی ایس سیکنڈ پروفیشنل اور بی بی ایس فرسٹ پروفیشنل کا امتحان رجسٹریشن فارم بھیجنے سے قبل پاس ہونا ضروری ہے۔ اور رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل بمعہ یونیورسٹی کا اجازت نامہ/ این او سی مہیا کرنا ضروری ہے۔ جو امیدواران نرسنگ کی بنیاد پر بی ایس سی (انگلش، اسلامیات اور مطالعہ پاکستان) کے لیے رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں ان کے لیے نرسنگ اور مڈوائفری کا امتحان رجسٹریشن فارم بھیجنے سے قبل پاس ہونا ضروری ہے۔ فارم کے ہمراہ نرسنگ اور مڈوائفری کا بورڈ سے جاری کردہ ڈپلومہ کی مصدقہ نقول منسلک کرنا ضروری ہے۔ دینی مدارس سے فارغ التحصیل طلباء و طالبات (HEC) سے مساوی سرٹیفکیٹ حاصل کر کے مصدقہ نقول ضرور لف کریں۔

رجسٹریشن فارم کے ہمراہ انٹرمیڈیٹ یا مساوی قابلیت کی مصدقہ نقل منسلک کریں۔ A لیول کی صورت میں مساوی قابلیت کا سرٹیفکیٹ IBCC سے حاصل کرنا ضروری ہے۔ شناختی کارڈ/ نادرا سے جاری شدہ ب فارم کی مصدقہ نقل اور مصدقہ تصویر منسلک کرنا ضروری ہے۔

جس امیدوار نے بہاولپور تعلیمی بورڈ کے علاوہ کسی دوسرے بورڈ سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا ہے تو وہ امیدوار اس علاقہ کی متعلقہ یونیورسٹی کا اصل این او سی رجسٹریشن فارم کے ساتھ لف کرے۔

جس امیدوار کی مستقل رہائش اسلامیہ یونیورسٹی کی حدود (بہاولپور، رحیم یار خان اور بہاولنگر اضلاع) سے باہر کی ہے تو وہ رجسٹریشن فیس کے علاوہ -/3300 روپے مزید برائے یونیورسٹی حدود فیس بھی ادا کرے گا۔

نوٹ۔ دوگنا فیس کے ساتھ رجسٹریشن کروانے کی آخری تاریخ 24-09-2018 مقرر ہے اس کے بعد تاریخ/ شیڈول میں اضافہ نہ ہوگا اور نہ ہی یونیورسٹی کی مقرر کردہ بینک کی برانچیں رجسٹریشن چالان فارم وصول کریں گی۔ امتحان کے لیے داخلہ فارم وفیس کے شیڈول کا اعلان شعبہ امتحانات کی طرف سے بعد میں کیا جائے گا۔

مزید معلومات و رہنمائی کے لئے اسلامیہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk دیکھیں۔ پتہ برائے خط و کتابت: ڈپٹی رجسٹرار ڈائریکٹوریٹ پرائیویٹ سٹوڈنٹس، اولڈ کیمپس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور ڈپٹی رجسٹرار پرائیویٹ سٹوڈنٹس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور (062-9330803)

رجسٹرار دی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور رابطہ نمبر 0629250235